# 4049 ـ ملک ( دودھ ) بنک کا حکم

**سوال**

امریکہ میں ملک ( دودھ ) بنک کے نام سے بنک پائے جاتے ہیں جو حاملہ عورتوں کا دودھ خرید کر ضرورت مند عورتوں جن کا دودھ ناقص یا وہ خود مریض یا پھر کام وغیرہ میں مشغول ہوتی ہے کوفروخت کرتے ہیں ۔۔۔ الخ تواس دودھ کی خرید وفروخت کا کیا حکم ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

الحمدللہ

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا توان کا جواب تھا :

یہ حرام ہے ، اس طرح کہ بنک قائم کرنا جائز نہیں کیونکہ یہ دودھ عورتوں کا ہے اوراس سے ماؤں کی پہچان نہیں رہے گی اوران میں اختلاط ہوگا جس سے یہ پتہ نہیں چل سکے گا کہ ماں کون ہے ۔

اورشریعت اسلامیہ میں رضاعت سے بھی اسی رشتہ کی حرمت ثابت ہوتی ہے جونسبی رشتہ سے ہو ، لیکن اگر دودھ عورتوں کا نہ ہوتو پھر اس میں کوئی حرج نہیں ۔

واللہ تعالی اعلم .